بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعرات مورخہ 29/اکتوبر 2020

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

محکمہ صحت

☆244 **جناب احمد نواز بلوچ رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **29.11.2019**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

سریاب (کوئٹہ) میں قائم کردہ بنیادی مراکز صحت، مدر اینڈ چائلڈ کیر سنٹرز (MCH) اور Hospitals کی کل تعداد کتنی ہے۔ نیز ان میں تعینات ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، شناختی کارڈ نمبرز، لوکل/ڈومیسائل اور موجودہ جائے سکونت کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت

سریاب (کوئٹہ) میں قائم کردہ بنیادی مراکز صحت مدر اینڈ چائلڈ کیر سینٹر (MCH) اور ہسپتالوں کی کل تعداد نیز ان میں تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، شناختی کارڈ نمبر، لوکل/ڈومیسائل اور موجودہ جائے سکونت کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆265 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ **16-01.2020**

کیا وزیر صحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

یکم جنوری 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران صوبہ میں سگ ریزی کے کل کتنے واقعات رونما ہوئے نیز سگ ریزی سے متاثرہ افراد کی اگر کوئی مالی معاونت کی گئی تو تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر صحت

صوبہ بھر میں یکم جنوری 019 تا دسمبر 019 کے دوران سگ ریزی کے کل 1260 واقعات رونما ہوئے تفصیل آخر پر منسلک ہے نیز سگ ریزی سے متاثرہ افراد کی کوئی مالی معاونت نہیں کی گئی ہے۔

☆266 میرزابدعلی ریکی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ 16-01.2020

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

صوبہ کے ہسپتالوں میں موجوداینٹی ریبیز انجیکشنز کی کل تعدادکسقد رہے ہسپتال وارتفصیل دی جائے اور جولائی تادسمبر 2019 کے دوران کل کسقدانجیکشنز کی خریداری کی گئی نیز خرید کردہ انجیکشنز جن جن ضلعی ہیڈکوارٹرہسپتالوں کو فراہم کی گئی کی تفصیل بمعہ تعداداور قیمت خرید فی انجیکشن کے دی جائے۔

وزیرصحت

جولائی تادسمبر 2019 کے دوران کل دس ہزاراینٹی ریبیز انجکشنز کی خریداری کی گئی اور قیمت خرید فی انجکشن 1500 روپے ہے نیزخرید کردہ انجکشنز جن جن ضلعی ہیڈکوارٹرہسپتالوں کوفراہم کی گئی کی تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆306 میرزابدعلی ریکی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ 31-8-2020

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلعی ہیڈکوارٹرہسپتال واشک کیلئے مالی سال 2020-2021 کے بجٹ میں ادویات اورمشینری وغیرہ کے مدات میں کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے نیزمختص کردہ رقم میں سے ابتک جاری کردہ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیرصحت

جواب موصول نہیں ہوا

☆299 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ 18.8.2020

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 14ستمبر 2020 کوموخرشدہ

محکمہ صحت کوکروناوائرس کی مدمیں اب تک کل کس قدر فنڈ موصول ہوانیز موصول کردہ فنڈز جن جن مدات میں خرچ کیے گئے ہیں کی مدوار تفصیل بھی دی جائے۔

وزیرصحت

جواب آخر پر منسلک ہے۔

☆331 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔ 08.09.2020

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

صوبائی سنڈیمن ہسپتال کوئٹہ میں جون 20 تا تاحال کل کتنے ڈاکٹرز اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں ان کے نام اور جائے تعیناتی کی تفصیل دی جائے نیز ایک ڈاکٹر اپنی جائے تعیناتی پر کتنے عرصے تک ڈیوٹی سرانجام دے سکتا ہے تفصیل بھی دی جائے۔

وزیرصحت

جواب موصول نہیں ہوا

☆333 جناب نصراللہ خان زیرے رُکن اسمبلی۔ نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔08.09.2020

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مفتی محمود میموریل ہسپتال کچلاک میں تعینات کردہ ڈاکٹرز اور دیگر ملازمین کی کل تعداد کسقدر ہے ان کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ، جائے تعیناتی اور لوکل/ڈومیسائل کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیرصحت

جواب موصول نہیں ہوا

☆328 جناب ٹائٹس جانسن رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔09.09.2020

کیاوزیرصحت ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

گزشتہ سالوں کے دوران اقلیتوں کے لئے مختص کردہ 5 فیصد کوٹہ کے تحت تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ تعلیمی قابلیت، جائے تعیناتی اور لوکل/ڈومیسائل کی تفصیل دی جائے۔

وزیرصحت

جواب موصول نہیں ہوا

کوئٹہ

مورخہ۔28/ اکتوبر 2020

سیکرٹری

بلوچستان صوبائی اسمبلی